© rasailojaraid.com



مولانا محمد ابراہیم فانی

ماہنامہ بینات کراچی

و مولانا حافظ محمد عرفان الحق

# تعارف و تبصرہ کتب

تفسیر صفوۃ البیان (۲ جلد) ترتیب: شیخ التفسیر حضرت مولانا سید صفوۃ اللہ حقانی صاحب مدظلہ

ضخامت: ۸۷۲ صفحات قیمت۔ /۴۰۰ روا پے فون: ۶۱۴۴۳۲

ناشر: دارالعلوم ہاشمیہ شارع آغا صاحب چمن، بلوچستان

زیر تبصرہ علمی شاہکار دارالعلوم حقانیہ کے مایہ ناز فاضل اور عظیم علمی و روحانی خانوادے کے چشم و چراغ حضرت مولانا سید صفوۃ اللہ حقانی صاحب زیدہ مجدہ کی عربی تفسیر ہے جسمیں آپ نے انتہائی عرقریزی سے اس بحر ناپید کنار میں غواصی کر کے ایسے جواہر آبدار برآمد کئے ہیں جسکی روحانی حسن سے عقل و خرد کی نگاہیں منور ہو جاتی ہیں۔ مولانا موصوف نے مختلف عربی اور اردو تفاسیر کا نچوڑ اور عطر کشید کر کے یہ بیش بہا تفسیر مرتب کی ہے۔ جن تفاسیر سے اس تفسیر میں استفادہ کیا گیا ہے ان میں تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر المنیر، تفسیر ابوسعود، تفسیر ابن جریر، تفسیر ابن کثیر، تفسیر مظہری، تفسیر قرطبی، تفسیر روح البیان، تفسیر بحر محیط، تفسیر بیضاوی، تفسیر السراج المنیر، تفسیر صاوی، تفسیر کبیر، تفسیر کشاف، تفسیر نظم الدرر، تفسیر معارف القرآن، تفسیر بیان القرآن، تفسیر درمنثور، تفسیر سمرقندی، تفسیر جمل تفسیر احمدیہ، تفسیر مدارک، تفسیر منار، فوائد عثمانیہ، تفسیر الفرقان، تفسیر المراغی اور صفوۃ التفاسیر زیادہ مشہور ہیں، علاوہ ازیں اپنے اساتذہ و شیوخ کے تفسیری نکات بھی اسمیں شامل ہیں، جن میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ، شیخ التفسیر حضرت مولانا عبدالہادی صاحب شاہ منصوری قدس سرہ، علامہ عبدالحلیم صدر المدرسین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور اپنے والد حضرت مولانا عبدالمتکبر نقشبندیؒ خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔...... فاضل مفسر نے ربط الایات والسور اور ربط رکوعات جو کہ علم تفسیر کا ایک اہم موضوع ہے اس پر خاص توجہ دی ہے اور اس کیساتھ ساتھ اسکے معانی و مطالب کے فہم کی آسانی کیلئے تقدیرات بھی لگائی ہیں۔ الغرض یہ تفسیر قرآنی نکات فصاحت و بلاغت قواعد عربیہ معانیہ نحویہ صرفیہ اور حل مشکلات اور حتی المقدور بیان مقاصد قرآنیہ پر مشتمل ہے

ابتداء میں مختصر مگر ایک جامع اور پر از معلومات مقدمہ بھی ہے، جس میں تفسیر قرآن کے لئے جو مبادی اور بنیادی اصول ہیں، وہ بہترین پیرائے میں ذکر ہیں۔ ملک کے اجلہ علماء اور مشائخ کی طرف سے اسپر تقریظات اس تفسیر کی ثقاہت کی دلیل ہے۔ بلاشبہ اس کی حسین طباعت، دیدہ زیب کتابت اور مضبوط جلد بندی اس کے ناشرین کے حسن ذوق کے آئینہ دار ہیں۔ چونکہ مفسر موصوف کافی عرصہ سے رمضان شریف میں دورہ تفسیر قرآن پڑھاتے ہیں۔ اسی پس منظر میں یہ تفسیر مرتب کردی گئی ہے اور اس لحاظ سے وہ شیوخ تفسیر جن کا رمضان میں دورہ تفسیر کا معمول ہے یا وہ ذی استعداد طلبہ جو

© rasailojaraid.com